

اوراقِ غم

علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادریؒ

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا

اوراقِ غم

۱۳۴۸ھ

مؤلفہ

علامہ ابو الحسنات سید محمد احمد قادری نور اللہ مرقدہٗ

ناشر

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور — کراچی ○ پاکستان

نام کتاب	اوراق غم
مؤلفہ	علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
تاریخ اشاعت	مارچ 2002ء
تعداد	ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ	1Z40
قیمت	-/150 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 7221953

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7225085-7247350

فیکس:۔ 042-7238010

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:۔ 021-2210212-2212011-2630411

e-mail:- zquran@brain.net.pk

Website:- www.ziaulquran.com

Green Dome International Ltd.

148-164 Gregory Boulevard

Nottingham NG7 5JE UK.

Tel:- 0115-911 7222 Fax:- 0115-911 7220

افسوس! ان کے چچا ابوطالب اسوقت کہاں تھے؟

عرض کی وہ جنگل میں بکریاں چرارہے تھے اور انھیں اب تک اس قصّہ کا علم نہیں۔ فرمایا ابولہب کہاں تھا؟ عرض کی اس خبیث نے خود امداد دی۔ اور کہا کہ ہاں مارو۔ یہ جھوٹا جادوگر ہے۔ فرمایا عباس کہاں تھے۔ عرض کی عباس پروانہ وار اس شمع نبوت کے اِردگرد پھر رہے تھے اور ان خبیثوں سے کہہ رہے تھے کہ رحم کرو۔ مگران کی کون سُنتا تھا۔ حضرت حمزہ فرطِ غم سے رونے لگے اور اسی طرح سے تین روز کا فاقہ کئے دسترخوان سے اُٹھے اور فرمایا اب مجھ پر کھانا پینا حرام ہے۔ جب تک ان بے ایمانوں سے اپنے بھتیجے کا انتقام نہ لے لوں۔

اوّل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کیا۔ لوگوں نے مسجد حرام کا پتہ دیا۔ حمزہ یہاں آئے دیکھا کہ خانہ کعبہ کے آگے سرجھکائے رونق افروز ہیں۔ حمزہ قریب آئے اور عرض کی

السلام علیک یا ابن اخی

اے بھتیجے بتاؤ۔ تمھیں کس کس نے یہ تکلیف پہنچائی۔ اب تمھارا جان نثار چچا حاضر ہے۔ حضور پُرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم نے سلک گوہر صدف دیدۂ تر سے ڈالے اور آہ سرد دل پُردرد سے کھینچ کر فرمایا کہ چچا جائیے اپنا کام کیجئے۔ غریب۔ یتیم۔ بے کس کا نہ بھائی ہوتا ہے نہ برادر نہ چچا ہے نہ کوئی یاور۔ نہ مونس ہے نہ غم خوار۔ نہ محرم ہے نہ غم گسار۔ نہ ناصر ہے نہ مددگار ؎

آہ اندر زمانہ محرم نیست
ہیچ کس راز حالِ من غم نیست